© rasailojaraid.com



فکر و نظر---- اسلام آباد جلد: ۴۲ شمارہ: ۲

# امام قرطبیؒ اور ان کی تفسیر کا علمی مقام

## (ایک جائزہ)

☆ ڈاکٹر حافظ اکرام الحق

### امام قرطبیؒ کا زمانہ

امام قرطبی کا وطنِ مالوف قرطبہ پانچ سو سال تک اندلس کے افق پر سورج کی طرح چمکتا دمکتا اور علم و ثقافت کی تابناک کرنوں سے صرف یورپ ہی نہیں پوری دنیا کو روشن کرتا رہا۔ مگر ایک زمانہ گزرنے کے بعد مسلم حکام کے داخلی انتشارات اور نفس بینی کے خلفشارات میں اس کی شعائیں ماند پڑنا شروع ہو گئیں۔ یورپ کی ظلمتوں میں راہ بیں بننے والی عقل پر پردہ پڑتا چلا گیا اور شرق و غرب کو درسِ انسانیت دینے والی نگاہیں بینائی کھوتی نظر آنے لگیں اور بالآخر ۲۳ شوال ۶۳۳ھ/۲۹ جون ۱۲۳۶ء کو علم و ثقافت کا یہ مرکز قشتالوی بادشاہ فرڈی ننڈ سوئم کے قبضے میں چلا گیا۔ سقوطِ قرطبہ کے اس جانکاہ حادثہ سے کچھ عرصہ قبل ہی امام قرطبیؒ کی ولادت ہوئی۔ ایک اندازے کے مطابق یہ موحد خلیفہ یعقوب بن یوسف ابن عبد المومن (۵۸۰-۵۹۵ھ) کا دورِ حکومت ہوگا،[۱] البتہ سقوط کے وقت قرطبہ محمد بن یوسف بن ہود کے ماتحت تھا۔[۲]

سقوطِ قرطبہ تک سیاسی انتشار کے باوجود اہلِ قرطبہ کا علمی ذوق مثالی تھا اور ان کی علم دوستی قابلِ رشک تھی۔ حکام و امراء کے لیے بھی فخر و امتیاز کا معیار علمِ دین ہی سمجھا جاتا تھا۔ دولت موحدین کا بانی ابو عبداللہ محمد بن تومرت المصمودی المعروف مہدی الموحدین (۴۸۵-۵۲۴ھ / ۱۰۹۲-۱۱۳۰ء)[۳] اپنے دور کا بہت بڑا علامہ اور حصولِ علم کا سب سے بڑا داعی شمار ہوتا تھا۔ ابوحفص عمر بن اسحاق بن یوسف بن عبدالمومن المرتضی باللہ (۶۴۶ھ-۶۶۵ھ) جس کے دور میں دولت موحدین کا شیرازہ بکھر گیا، فقہ کا ماہر، ادیب اور شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ تصانیف اور کتب جمع کرنے کا شغف رکھتا تھا۔[۴] موحدین کے بعد محمد بن یوسف ابن ہود کو بغداد کے عباسی خلیفہ کی طرف سے جو پروانۂ ولایت ملا اس میں بھی [illegible] تھا

ہر حال میں تقویٰ اختیار کرو، اللہ کی کتاب اور اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



و دانش سے مشورہ کیا کرو، رعیت کے ساتھ اچھا رویہ رکھو اور کفار کے ساتھ جہاد کا خاص اہتمام کرو۔(۵)

اہلِ قرطبہ کتابیں جمع کرنے اور ان کی حفاظت میں خصوصی شہرت رکھتے تھے۔ وہاں تعلیمی ادارے عام تھے اور علمی و ادبی میلوں کا خوب رواج تھا۔ مساجد ہمیشہ علمی حلقات سے پر رونق رہتی تھیں۔(۶) اس کے ساتھ ساتھ علماء و طلبہ کی ایک خاصی تعداد ایسی بھی تھی جنہوں نے ان پر آشوب حالات میں اپنے علمی مستقبل کو غیر محفوظ سمجھتے ہوئے حُبِّ وطن کو حب علم پر قربان کیا اور اندلس چھوڑ کر مشرقی اسلامی ممالک کی طرف ہجرت کی۔(۷)

علامہ قرطبیؒ نے اسی ماحول میں آنکھ کھولی، اسی کے سرچشموں سے سیراب ہوئے اور اسی میں عمر کا ایک حصہ گزارا۔ جب سقوط قرطبہ کا جاں گداز حادثہ پیش آیا تو انہوں نے بھی وطنِ عزیز کو خیر باد کہا اور نہ معلوم کہاں کہاں صعوبتیں برداشت کرتے بالآخر سر زمین علم و معرفت مصر پہنچ گئے۔ وہاں بھی انہیں اپنی علمی پیاس بجھانے کا خوب موقع ملا۔(۸) شہر شہر اور ملک ملک سال ہا سال کے علمی سفر کے بعد ابو عبداللہ محمد بن احمد صرف ایک عالم بن کر ظاہر نہ ہوئے بلکہ ''ابو عبداللہ القرطبی المفسر، الإمام'' کے لقب سے حیاتِ جاوداں پا گئے۔ علامہؒ کی شخصیت کی مرحلہ وار تشکیل اور علمی سفر کا مختصر خاکہ درجِ ذیل ہے:

## نام ونسب

ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح الانصاری الخزرجی القرطبی الاندلسی۔(۹)

## ابتدائی زندگی اور تعلیم و تربیت

امام قرطبیؒ کی تاریخ پیدائش، نشو و نما اور ابتدائی تعلیم کے حالات واضح طور پر کہیں نہیں ملتے مگر قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے والد گرامی کھیتی باڑی کرتے تھے۔ انہوں نے ہی اپنے بیٹے کی پرورش کی اور اندلس کے رواج کے مطابق ان کی باقاعدہ تعلیم و تربیت ہوئی۔ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ أَمْوَاتاً﴾(۱۰) کی تفسیر کے ضمن میں امام قرطبیؒ نے ذکر کیا ہے کہ ۳-رمضان المبارک [illegible] قرطبہ پر اس وقت حملہ کر دیا جب لوگ اپنے کھیتوں میں فصلوں کی کٹائی میں مصروف تھے۔ اس حملہ میں [illegible]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی شہادت دشمن کے مقابلے میں صف بندی کر کے لڑتے ہوئے نہیں ہوئی۔ میں نے یہی بات استاذِ گرامی ربیع بن عبدالرحمٰن بن احمد بن ربیع بن ابی[۱۱] سے پوچھی تو انہوں نے فرمایا: ان کا حکم جنگ کے شہداء کا ہے۔ اس کے بعد میں قاضیِ مذہب ابو الحسن علی بن قطرال[۱۲] کے پاس چلا گیا، ان کے پاس دیگر فقہاء بھی حلقہ بنائے بیٹھے تھے، میں نے اپنا مسئلہ ان حضرات کی خدمت میں پیش کیا توانہوں نے فرمایا: اپنے والد کو غسل بھی دو اور کفن بھی اور پھر ان کا جنازہ پڑھو۔ اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد علامہ ابوالحسن لخمیؒ[۱۳] کی کتاب : ''التبصرة'' اور بعض دیگر کتب میں یہ مسئلہ میری نظر سے گزرا تو مجھے احساس ہوا کہ کاش! مجھے بر وقت اس مسئلہ کی تحقیق ہو جاتی تو میں اپنے والدِ گرامی کو غسل نہ دیتا اورخون آلود جسم اور کپڑوں میں ہی دفن کر دیتا۔ یہاں امام قرطبیؒ نے ابن ابی حجہ کے لیے ''شیخنا'' (ہمارے استاذ) اور ''المقری'' (استاذِ قراء ت) کے الفاظ ذکر کیے ہیں جن سے درجِ ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

۱۔ قرطبیؒ، قرطبہ کے ایک کسان کے گھر میں پیدا ہوئے اور بچپن اپنے والد کے سایۂ عاطفت میں گزارا۔

۲۔ والدِ گرامی کی زیرِ سرپرستی ہی ان کی باقاعدہ تعلیم شروع ہو گئی تھی۔

۳۔ ۶۲۷ھ میں اپنے والد کی شہادت کے وقت قرطبیؒ شیخ ابنِ ابی حجہؒ کے باقاعدہ شاگرد تھے۔

۴۔ ابنِ ابی حجہؒ کے تعارف میں خیر الدین زرکلی نے لکھا ہے: ''فاضل من أهل قرطبة. تصدّر لإقراء القرآن وتعليم العربية''[۱۴] (قرطبہ کے فضلاء میں سے تھے۔انہوں نے قرآنِ مجید اور لغتِ عرب کی تعلیم کے لیے اپنے آپ کو وقف کیا ہوا تھا)۔ قرطبہ میں یہ ابتدائی درجہ کا نصابِ تعلیم تھا جیسا کہ علامہ ابنِ خلدونؒ نے قاضی ابوبکر ابن العربیؒ سے نقل کیا ہے[۱۵]۔

۵۔ یہ امام قرطبیؒ کی ابتدائی تعلیم کا زمانہ تھا اور ان کی عمر زیادہ نہ ہوئی تھی۔

۶۔ علمی پختگی اور فقہی فطانت ان کو اس وقت تک حاصل نہ ہوئی تھی۔ اسی لیے ایک سے زائد اساتذہ سے سوال کیا اور کچھ عرصہ بعد علامہ ابوالحسن لخمی کی کتاب :''التبصرة ''اور بعض دیگر کتب میں یہ مسئلہ پڑھا تو بر وقت اس کی تحقیق نہ ہوسکنے پر اظہارِ افسوس بھی کیا۔

© rasailojaraid.com

۷۔ دین داری اور شریعت کی پابندی کا جذبہ امام قرطبیؒ کی بنیادی تربیت میں ہی ان کو حاصل

© rasailojaraid.com



۸۔ علامہ ابوالحسن لخمی مجتہد فی المذہب تھے، انہوں نے اپنی کتاب ''التبصرة'' میں فقہ مالکی کی مقتدر کتاب ''المدونة الکبریٰ'' پر تعلیقات مرتب کی ہیں۔ انہوں نے فقہِ مالکی کی متفقہ آراء کے خلاف دوسرے فقہاء کی رائے کے مطابق بھی کچھ باتیں ذکر کی ہیں جس سے گمان ہوتا ہے کہ عمومی طور پر فقہِ مالکی کی پیروی کے ساتھ ساتھ امام قرطبیؒ کے فقیہانہ توسع کی بنیاد شاید علامہ لخمی کی کتب کے مطالعہ سے بنی ہوگی۔

امام قرطبیؒ کے والد کی شہادت (۶۲۷ھ) کے وقت قرطبہ میں محمد بن یوسف بن ہود (م۶۳۵ھ) کی حکومت تھی جو۶۲۵ھ/ ۱۲۲۸ء میں موحدین سے علیحدگی اختیار کر کے اپنی مستقل حکومت کا اعلان کر چکا تھا۔ اس سے یہ اندازہ تو لگایا جا سکتا ہے کہ علامہ قرطبیؒ موحدین کے دور میں پیدا ہوئے ہوں گے مگر صحیح تاریخ کا تعین پھر بھی نہیں ہوسکتا۔ ڈاکٹر قصی زلط کا اندازہ یہ ہے کہ اگر ان کی پیدائش چھٹی صدی ہجری کے آخر میں سمجھی جائے تو غالباً موحد خلیفہ یعقوب بن یوسف ابن عبد المومن (۵۸۰-۵۹۵ھ) کے دور حکومت کی ہوگی۔[۱۶]

امام قرطبیؒ نے ارشادِ باری تعالیٰ: ﴿مَنْ ذَاالَّذِی یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًاحَسَناً﴾[البقرة۲: ۲۴۵] کی تفسیر میں اپنے ایک شیخ ابوعامر یحییٰ بن عامر بن احمد بن منیع الاشعریؒ کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے ان سے قرطبہ میں ربیع الاول ۶۲۸ھ میں بطریقِ قراء ت ایک روایت پڑھی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ۶۲۸ھ میں ان کی تعلیم قرطبہ ہی میں جاری تھی۔ ابن ہود ہی قرطبہ کا حاکم تھا کہ قشتالوی عیسائیوں نے ۲۳شوال۶۳۳ھ/ ۲۹جولائی ۱۲۳۶ء میں اس پر قبضہ کرلیا۔[۱۷] اس کے علمی مراکز ختم کر دیئے۔ مسلمانوں کو مار دیا یا نکال دیا اور مساجد کو گرجا گھر بنا دیا جس کے بعد قرطبہ میں ان کی تعلیم جاری رہنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ امام قرطبیؒ نے ارشادِ باری تعالیٰ: ﴿وَإِذَاقَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَابَیْنَکَ وَبَیْنَ الَّذِینَ لاَ یُؤْمِنُونَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَاباً مَسْتُوراً﴾ [الاسراء ۱۷: ۴۵] (اور جب آپ قرآن پڑھا کرتے ہیں تو ہم آپ کے اور ان لوگوں کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، حجاب پر حجاب کر دیتے ہیں) کی تفسیر میں لکھا ہے کہ مجھے بھی اپنے ملک اندلس میں قرطبہ کے مضافات میں قلعہ منثور میں اسی طرح کا اتفاق ہوا۔ واقعہ یہ ہے کہ میں دشمن کے آگے بھاگتے بھاگتے ایک طرف کو ہو گیا۔ ان کے دو سپاہی میری تلاش میں نکلے۔ میں ایک میدان میں بیٹھا سورہٗ یٰس کی ابتدائی آیات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آنکھوں کو اندھا کر دیا۔ وہ واپس جا رہے تھے کہ میں نے ان میں سے ایک کو یہ کہتے سنا: ''دیبلة'' یعنی یہ تو کوئی جن ہے۔ میں نے اس فضل و مہربانی پر اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ادا کیا۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ امام قرطبیؒ کو یہ واقعہ اسی آخری عیسائی قبضہ کے موقع پر پیش آیا۔

اس کے بعد معلوم نہیں ہو سکا کہ قرطبیؒ اپنے وطنِ مالوف سے نکل کر کہاں گئے۔ مصر میں ان کی موجودگی اور پھر وفات تک وہیں قیام کا ثبوت تو تمام مراجع میں ملتا ہے مگر وہاں پہنچنے کا زمانہ متعین کرنا بہت مشکل ہے۔ مصر میں ان کی موجودگی کی واضح ترین تاریخ وہی ہے جو انہوں نے اپنی کتاب ''التذکرة'' میں ایک روایت کے تحت ذکر کی ہے کہ یہ روایت انہیں جمعہ ۱۳ رجب ۶۴۷ھ کو امام ابوالحسن علی بن محمد بن محمد بن عمرو البکری التیمی (۱۸) نے، جن کا سلسلۂ نسب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے، مصر میں ''منصورة'' کے قریب ''صنورة'' یا ''جزیرة'' کے مقام پر بتائی۔(۱۹) مگر ۱۳ رجب ۶۴۷ کو ان کے مصر پہنچنے کی تاریخ قرار نہیں دیا جا سکتا کیوں کہ آں جناب میناء اسکندریہ میں شیخ ابو محمد عبدالمعطی کے درس میں بھی شریک رہے(۲۰) اور شیخ مذکور کی تاریخِ وفات ۶۳۸ھ ہے۔(۲۱) امام قرطبی ان کی تاریخِ وفات سے یقیناً کچھ عرصہ قبل ہی اسکندریہ میں ہوں گے ورنہ ان کے حلقہ درس میں شامل نہ ہو سکتے۔

مصر میں ''ثغرالإسکندرية'' (میناء اسکندریہ) کے علاقے میں امام قرطبی کا قیام کافی طویل معلوم ہوتا ہے۔ انہوں نے وہیں رہ کر شیخ ابو محمد عبدالوہاب بن ظافر(۲۲) سے استفادہ کیا،(۲۳) شیخ ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم الانصاری(۲۴) سے بھی وہیں پڑھا (۲۵) اور شیخ ابو العباس احمد بن عمر الانصاری القرطبیؒ(۲۶) سے بھی وہیں کسبِ فیض کیا۔ شیخ ابو العباس امام قرطبی کے اساتذہ میں سے وہ شخصیت ہیں جن کا ذکر انہوں نے اپنی تفسیر اور تذکرہ وغیرہ دیگر کتب میں ''شیخنا'' کی تخصیص کے ساتھ سب سے زیادہ کیا ہے۔(۲۷) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہیں نہ صرف یہ کہ زیادہ عرصہ تک شیخ ابو العباس سے استفادہ کا موقع ملا بلکہ یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ قرطبیؒ کا دلی لگاؤ بھی ان کے ساتھ بہت زیادہ تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ سقوطِ قرطبہ کے بعد سے قرطبیؒ اپنے استاذِ گرامی ابوالعباس الانصاریؒ کے ساتھ ہی رہے ہوں گے کیوں کہ شیخ ابوالعباس نہ صرف یہ کہ اپنے دور میں کبار علماء میں سے تھے بلکہ دونوں حضرات کا قرطبہ سے ہجرت کرنا اور دونوں کا انصاری ہونا ایسی اضافی نسبتیں تھیں جنہیں ان کے درمیان قریبی تعلقات کا باعث قرار دینا قرینِ قیاس ہے۔ علامہ مقری نے ''نفح الطیب'' میں ایک مستقل باب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ابن الخصیب'' کے مقام پر منتقل ہوگئے اور وفات تک وہیں رہے۔ یہ بات علامہ قرطبی کے امتیازات میں سے ہے کہ طویل عرصہ طلبِ علم میں گزارنے کے بعد بھی کبھی درجۂ کمال کا دعویٰ نہیں کیا، چنانچہ تفسیر قرطبی میں ان کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ منیۃ ابن الخصیب میں بھی انہوں نے علماء سے استفادہ کا سلسلہ جاری رکھا۔ وہاں ان کے شیوخ میں مفتی الانام بہاء الدین ابوالحسن علی بن ہبۃ اللہ اللخمی الشافعی المعروف ابن الجمیزی کا نام ملتا ہے۔(۲۹)

مصر میں فاطمی دورِ حکومت میں سرکاری سطح پر شیعی افکار کی سرپرستی ہوتی تھی۔ اسکندریہ کے اکثر لوگ اگرچہ مذہباً مالکی تھے مگر حالات کی وجہ سے مشکلات کا شکار تھے۔ ۴۹۵ھ کے لگ بھگ یہاں ایک اندلسی عالم اور فقہاء مالکیہ کے عظیم رہنما شیخ ابوبکر محمد بن ولید الطرطوشی (م ۵۲۰ھ) وارد ہوئے۔ انہوں نے یہاں فقہ مالکی کا ایک مستقل حلقہ قائم کیا اور تمام سرکاری وغیر سرکاری عوامل سے متاثر ہوئے بغیر زندگی کا بقیہ حصہ اسی کی تدریس و ترویج میں گزار دیا۔ ان سے بے شمار لوگوں نے استفادہ کیا جن میں سے الطاہر بن عوف المکی (م۵۸۱ھ) اور ابو طاہر احمد بن محمد بن ابراہیم سلفہ الشافعی (م ۵۷۶ھ) المعروف حافظ سلفی نے شیخ طرطوشی کی علمی وراثت کو کما حقہ سنبھالا اور ان کے تعلیمی سلسلہ کو قائم رکھنے کے لیے زندگیاں وقف کر دیں۔ امام قرطبیؒ کے اکثر مصری اساتذہ اسی سلسلہ کے وابستگان میں سے تھے۔(۳۰) آں جنابؒ کے دیگر اساتذہ میں صاحب ''الترغیب والترھیب'' علامہ منذریؒ مصری،(۳۱) الشیخ الفقیہ امام ابو القاسم عبداللہ بن الشیخ الفقیہ علی بن خلف بن معزوز الکومی التلمسانی(۳۲) اور شیخ ابوالحسن علی بن محمد بن علی بن حفص الیحصبی کے اسماء گرامی بھی ملتے ہیں۔(۳۳)

قرطبہ سے ہجرت اور مصر میں ورود و قیام کے درمیانی عرصہ کے بارے میں ایک خیال یہ ہوسکتا ہے کہ امام قرطبیؒ اس عرصہ میں شاید بلنسیہ چلے گئے ہوں جس پر ۶۳۶ھ/ ۱۲۳۸ء میں دشمن کا قبضہ ہوگیا یا اشبیلیہ میں رہے ہوں جو ۶۴۴ھ/ ۱۲۴۸ء میں مسلمانوں کے ہاتھوں سے نکل گیا یا انہوں نے دشمن کے قبضہ سے بچی ہوئی کسی اور اندلسی ریاست میں وقت گزارا ہو۔ اشبیلیہ میں کچھ عرصہ تک ان کا قیام زیادہ قرینِ قیاس معلوم ہوتا ہے کیوں کہ انہوں نے ایک مقام پر محی الدین ابن عربیؒ(۳۴) کو اپنا شیخ قرار دیا ہے(۳۵) اور وہ اپنی تفسیر میں ان سے اقتباسات بھی بکثرت نقل کرتے ہیں۔ بلادِ مشرق کی طرف سفر سے پہلے اندلس میں ابنِ عربیؒ کا مسکن و مقام اشبیلیہ ہی تھا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بے مثال شخصیات کے مالک تھے جن سے استفادہ نے امام قرطبیؒ کوایک ہمہ جہت علمی مقام بخشا۔

## علمی مقام اور مسلک و مشرب

۶۲۷ھ میں اپنے والدِ گرامی کی شہادت کے موقع پر قرطبیؒ کے ذوقِ تحقیق کی ابتدائی جھلک سے لے کر سالہا سال پر محیط ان کے علمی اسفار اور طلبِ صادق کے ساتھ علمی و تربیتی حلقوں میں نفس کشی کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ دینی علوم میں مہارت کے علاوہ تصوف و سلوک اور بیسیوں مروجہ علومِ: کلام، فلسفہ، طب اور ہیئت وغیرہ میں بھی میں انہیں جامعیت کا مقام حاصل ہو گیا جس کی جھلک ان کی ہر تحریر میں نمایاں نظر آتی ہے۔ اپنے دور کے صفِ اول کے علماء و فقہاء سے علمی استفادہ کے ساتھ ساتھ علامہؒ کی طبع نکتہ بیں نے ان کے ذوقِ مطالعہ کو خوب جلا بخشی۔ یہی وجہ ہے کہ اگر صرف ان کتب کی تعارفی فہرست تیار کی جائے جن کے اقتباسات علامہؒ نے اپنی تفسیر میں نقل کیے ہیں تو اسی تفسیر کی ایک جلد کے برابر مواد جمع ہو جائے۔ فقہی مسلک کے اعتبار سے اگرچہ انہیں علماءِ مالکیہ کے علاوہ شیخ ابوالحسن علی بن ہبۃ اللہ (۵۵۹-۶۴۹ھ) المعروف ابن الجمیزی اور ان کے پائے کے شافعی المسلک اساتذہ سے بھی استفادہ کا موقع ملا مگر یہ بات طے ہے کہ انہوں نے زندگی بھر فقہ میں امام مالکؒ کی تقلید کو ہی اپنائے رکھا جس کی تائید ان کی تفسیر کی بیس جلدوں میں دو سوتیں سے زائد دفعہ ''قال علماؤنا'' (ہمارے علماء فرماتے ہیں) کہہ کر علماء مالکیہ کا مسلک بیان کرنے سے ہوتی ہے۔ آپؒ کی دوسری کتب ''التذکرۃ'' وغیرہ میں بھی یہ الفاظ بکثرت ملتے ہیں۔ وہ کبھی کبھار ''قال علماؤنا'' کے ساتھ ''المالکیۃ'' کا اضافہ کر کے اس کی وضاحت بھی فرماتے جاتے ہیں جیسا کہ سورۂ ہود آیت نمبر۸۸ میں فرمایا۔ البتہ فقہ و بصیرت میں ان کے عالی مقام کے پیشِ نظر بجا طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مجتھد فی المذھب تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آں جناب اپنی تفسیر میں جابجا ''قلتُ'' (میں کہتا ہوں) فرما کر مختلف مباحث میں بڑے بڑے ائمۂ دین کی آراء ذکر فرمانے کے بعد کبھی ان کی تائید میں اور کبھی اختلافی رائے کے طور پر اپنی مدلل رائے بھی ذکر فرما دیتے ہیں۔ ان مباحث میں فقہی اور غیر فقہی مسائل میں ان کا ایک ہی اسلوب ہے۔ علوم و فنون کے ساتھ تربیت و اصلاح اور تزکیہ و تصوف میں بھی امامؒ کا پس منظر نہایت نمایاں ہے کہ ایک طرف انہیں: ابوعامر یحییٰ بن عبدالرحمٰن الاشعری القرطبی المعروف ابن ابی (۶۳۹ھ/۱۲۴۱ء)[۱۱] سے براہ راست استفادہ کا موقع ملا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## تالیفات

امام قرطبیؒ کی تالیفات ان کے علم و فضل کی صحیح ترجمان ہیں۔ ان میں سے ہر ایک اپنے موضوع پر قابلِ قدر شاہکار ہے۔ ان میں: الأسنى في شرح اسماء الله الحسنى، التذكار في افضل الاذكار، التذكره بأحوال الموتىٰ وأمور الآخرة، شرح التقصى، قمع الحرص بالزهد و القناعة ورد ذل السؤال بالكف و الشفاعة، التقريب لكتاب التمهيد، الإعلام بمافي دين النصارىٰ وإظهار محاسن دين الإسلام،(٣٧)رسالة في القاب الحديث، كتاب الأقضية، المصباح في الجمع بين الأفعال والصحاح شامل ہیں۔ یہ کتاب علامہؒ نے ابوالقاسم علی بن جعفر بن القطاع کی ''کتاب الأفعال'' اور امام جوہری کی ''الصحاح'' کا اختصار کر کے مرتب کی ہے۔ انہوں نے اپنی تفسیر میں دو مزید کتب ''المقتبس في شرح مؤطا مالک بن أنس'' اور ''اللمع اللؤلؤية في شرح العشرينات النبوية'' کا ذکر بھی کیا ہے۔(٣٨) ان کی طرف ایک قصیدہ بھی منسوب ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء گرامی جمع کئے گئے ہیں۔ آپؒ کی سب سے بڑی تصنیف: اَلْجَامِعُ لأحكام القرآن و المبين لما تضمنه من السنة و آي الفرقان" ہے جو کہ تفسیر قرطبی کے نام سے مشہور ہے اور بیس جلدوں پر مشتمل مطبوع دستیاب ہے۔(٣٩)

## طرزِ زندگی

امام قرطبیؒ اپنے وقت کے دینی و دنیاوی علوم میں مہارت ہونے، اس دور میں مروج جدید ترین سائنسی علوم میں دسترس رکھنے اور نت نئی ایجادات سے ہمہ پہلو باخبر رہنے کے باوجود دنیا کے تکلفات سے دور علم دوست، جہد کوش اور فنا فی اللہ شخصیت تھے۔ اپنی جوانی کے بارے میں فرماتے ہیں: میں اور میرے ساتھی زمانۂ شباب میں قرطبہ کے یہودی قبرستان سے مٹی جانوروں پر لاد کر لایا کرتے تھے۔(٤٠) مصر میں آپ کی کہولت اور بڑھاپے کے بارے میں منقول ہے کہ: ''صالح، متعبد، ورع، مطرح للتكلف يمشي بثوب واحد وعلى رأسه طاقية'' (وہ بہت نیک، عبادت گزار، پرہیزگار اور تکلف سے یکسر بے گانہ تھے۔ بعض اوقات آپؒ صرف ایک کپڑا پہنے اور سر پر ٹوپی رکھے نکل آتے اور اپنی ضرورت کی طرف چل پڑتے تھے)۔(٤١)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والعلماء العارفين الورعين، الزاهدين في الدنيا، المشتغلين بما يعنيهم من أمور الآخرة فيما بين توجه وعبادة وتصنيف'' (قرطبیؒ اللہ کے نیک بندوں، علماء عارفین اور متقین میں سے تھے جو دنیا سے بے نیاز، حقیقت میں کام آنے والے امورِ آخرت میں مشغول رہتے ہیں جیسے اللہ کی طرف توجہ عبادت اور تصنیف وتالیف وغیرہ)۔

انہوں نے تاریخِ کتبی (۴۲) کی عبارت اور اس کے حاشیے پر مختلف لوگوں کی دلچسپ تعلیقات بھی نقل کی ہیں۔ تاریخ کی عبارت یہ ہے: ''کان شیخا فاضلاً، وله تصانیف مفیدة تدل علی کثرة اطلاعه و وفور علمه منها تفسیر القرآن ملیح إلی الغایة اثنا عشر مجلداً'' (علامہؒ ایک صاحبِ فضل بزرگ تھے۔ ان کی بہت مفید تصنیفات ہیں جو ان کے کثرت مطالعہ اور علمِ کثیر کا پتہ دیتی ہیں۔ ان میں سے ایک ان کی تفسیر بھی ہے جو بارہ جلدوں میں ہے اور حد درجہ لطیف ہے)۔ مصنف کے کسی شاگرد نے اس تعارف پر یہ تعلیق چسپاں کی: ''قد أجحف المصنف في ترجمته جدا وکان متقناً متبحرا في العلم'' مصنف نے علامہ کے تعارف میں بہت بخل سے کام لیا ہے۔ وہ تو ایک ماہر اور متبحر عالم تھے)۔ اس پر ایک اور صاحب نے حاشیہ چڑھایا: ''قال الذهبي: رحلَ وکَتَبَ وسَمِعَ، وکان یقظاً، فهماً، حسن الحفظ، ملیح النظم، حسن المذاکرة، ثقة، حافظاً'' (امام ذہبیؒ نے لکھا ہے کہ انہوں نے سفر کیے، علم کو تحریری شکل میں محفوظ کرتے رہے اور علماء کی مجالس میں حاضر ہو کر علم سیکھتے رہے۔ وہ حاضر دماغ، فہم و فراست کے مالک، اچھے حافظ والے، عمدہ شاعر، اچھے مدرس، قابلِ اعتماد راوی اور علم کے حافظ تھے)۔ ایک اور صاحب نے اس پر مزید لکھا ہے: ''مشاحة شیخنا للمصنف في هذه العبارة مالها فائدة فإن الذهبي قال في تاریخ الإسلام: العلامة أبوعبدالله محمد بن أحمد بن أبي بکر بن فرح، الإمام القرطبی، إمام متفنن متبحرفي العلم، له تصانیف مفیدة تدل علی کثرة اطلاعه ووفور عقله وفضله ...... وقد سارت بتفسیره العظیم الشأن الرکبان، وله الأسنیٰ في شرح الأسماء الحسنیٰ، والتذکرة وأشیاء تدل علیٰ إمامته وذکائه وکثرة اطلاعه'' (ہمارے شیخ کے مصنف کی اس عبارت پر اعتراض کا کوئی فائدہ نہیں۔ حافظ ذہبی نے بھی تاریخ الإسلام میں لکھا ہے: علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد بن ابی بکر بن فرح، امامِ قرطبیؒ کئی فنون کے امام تھے اور بحرِ علوم کے غوطہ زن تھے۔ انہوں نے کئی مفید کتابیں تصنیف کیں جو ان کے کثرت مطالعہ اور وسعتِ عقل و فضیلت اور ان کے بلندمقام کی دلیل ہیں۔ ان کی عظیم الشان تفسیر کو قافلے ساتھ لے کر چلے۔ ان کی کتب میں ''الاسنیٰ شرح

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ بما ذکرت، وهو واللہ فوق ذلک، فکیف تقول: إن مشاحة شیخک لافائدة فیها، وتسيئ الأدب معه، وتقول إن کلامه لافائدة فیه؟ فاللہ یستر علیک! انتهیٰ'' (اللہ تجھے معاف کرے! جب حافظ ذہبی نے ان کا تعارف اس طرح کروایا ہے جیسا کہ تو نے ذکر کیا اور اللہ کی قسم آں جناب کی شان اس سے بھی زیادہ ہے تو تم کس طرح یہ کہتے ہو تمہارے شیخ کے اس پر اعتراض کا کوئی فائدہ نہیں۔ یہ کہہ کر تم اپنے شیخ کی بے ادبی کرتے ہو اور کہتے ہو کہ اس کا کوئی فائدہ نہیں؟ اللہ تمہاری پردہ پوشی فرمائے)۔(۴۳) ابن العماد الحنبلی کہتے ہیں: ''وکان إماماً عَلَماً، من الغواصین علی معانی الحدیث، حسن التصنیف، جید النقل'' (وہ امام، چوٹی کے عالم، حدیث کے معانی میں غوطہ لگانے والے، بہت اچھے مصنف اور روایت و اقتباس کے ماہر تھے)۔(۴۴) ان دلچسپ تعلیقات سے امام قرطبیؒ کی اللہ تعالیٰ کے حضور قبولیت کے ظاہری آثار معلوم ہوتے ہیں۔ میدانِ علم کے شہسوار ایک دوسرے سے بڑھ کر ان کی شان، علمی مقام، تقوی، بزرگی اور علو مرتبت ذکر کرنے میں اپنی قوتِ بیان صرف کر دینے کے خواہش مند نظر آتے ہیں۔

### وفات اورآخری آرام گاہ

علم وعمل، تزکیہ وصفوت اور جذبۂ للہیت سے بھرپور زندگی گزارنے کے بعد امام قرطبیؒ نے صعیدِ مصر کے قصبہ منیۃ ابن خصیب یا منیۃ بني خصیب میں ۹ شوال ۶۷۱ھ/ ۱۲۷۳ء کو وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔(۴۵) رحمة اللہ علیه رحمة واسعة شاملة کافیة وافیة ورفع درجاته في فسیح جناته۔

## تفسیرِ قرطبی کا علمی مرتبہ اور اسلوبِ تالیف

### عنوان اور موضوع

تفسیرِ قرطبی کا نام ''الجامع لأحکام القرآن والمبیّن لما تضمّنه من السنّة وآي الفرقان'' ہے اس کے موضوع کی وسعت اسی نام سے ظاہر ہے۔ موضوع کے لحاظ سے تفاسیر دو قسم کی ہیں: ایک کو تفسیر عمومی کہتے ہیں جس میں آیات کی ترتیب کے مطابق ہر آیت کی تفسیر اور اس کے مضامین بیان کر دیئے جاتے ہیں۔ دوسری قسم تفسیرِ موضوعی کہلاتی ہے جس میں کسی ایک موضوع کی آیات پر زیادہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امام قرطبیؒ کی تفسیر میں موضوعی اور عمومی دونوں پہلو جمع ہیں۔ اس کے نام کا پہلا حصہ موضوعی پہلو پر دلالت کرتا ہے یعنی اس میں قرآنی آیات کی روشنی میں فقہی احکام (Legal study of the Holy Quran) بیان ہوں گے۔ اس کا دوسرا حصہ عمومی پہلو کی طرف اشارہ کرتا ہے یعنی فقہی احکام کے علاوہ اس میں تمام آیات کی عمومی تفسیر (Generel Commentary) اور اس ضمن میں آنے والی تمام احادیث کی وضاحت ہوگی۔ پھر فقہی احکام کے ساتھ لفظ ''الجامع'' لگا کر اس طرف اشارہ فرمایا کہ اس تفسیر میں قرآن کا فقہی مطالعہ کسی ایک مکتبِ فقہ کی آراء ذکر کرنے کے ساتھ مقید نہیں ہوگا بلکہ یہ فقہی آراء کا ایک جامع مطالعہ ہو گا جس میں تمام مشہور مکاتبِ فقہ کی آراء ذکر کی جائیں گی۔ تفسیر کا مطالعہ کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں تمام مکاتبِ فقہ کی آراء کا خلاصہ نہیں کہ لفظِ ''الجامع'' سے مراد مشترکہ فقہی آراء کا مطالعہ (Comprehensive study) ہو بلکہ اس میں فقہی احکام میں تمام مذاہب فقہیہ کا ایک طرح سے تقابلی مطالعہ (Comperative study) ہے۔ جس کی بنیاد تو مالکی فقہی آراء پر ہے مگر ہر مسئلہ میں دیگر مذاہب کی آراء اور ان کے دلائل بھی اس میں ذکر کر دیئے گئے ہیں۔ مالکی آراء ذکر کرتے وقت مؤلف اکثر ''قال علماؤنا'' (ہمارے علماء کہتے ہیں) کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ کہیں کہیں ''المالكية'' یا ''اصحاب مالکؒ'' بھی کہہ دیتے ہیں۔ حنابلہ کے لیے اکثر ''أصحاب احمد''، شافعیہ کے لیے ''الشافعية'' اور حنفیہ کے لیے ''الكوفيون''، ''أصحاب أبي حنيفة'' اور ''أهل الرأي'' کہتے ہیں۔ کبھی مذہبِ ظاہری کی رائے ذکر کرنا مقصود ہو تو ''داؤد بن علي'' یا ''أصحاب داؤد بن علي'' کہہ دیتے ہیں۔

تفسیر قرطبیؒ کا دوسرا پہلو عمومی تفسیر ہے جس میں قرآنِ مجید کی تمام آیات کا تفصیلی مطالعہ اور اس ضمن میں آنے والی احادیث کی وضاحت ہے۔ آیات کے تفصیلی مطالعہ میں مؤلفؒ نے صرفی تحقیق، نحوی ترکیبات، لغوی ماثورات، قراء ات، تاریخی حقائق، صوفیہ کی طرز پر عارفانہ اشارات، ادعیہ و اذکار، فلسفیانہ موشگافیاں، سائنسی تحقیقات اور بیسیوں قسم کے دیگر تفسیری اقوال جمع کیے ہیں۔ احادیث کی وضاحت میں کتاب کا حوالہ، سند کا درجہ، راوی پر بحث، بعض دفعہ شانِ ورود اور مقام استدلال وغیرہ جیسے امور اس تفسیر میں ملتے ہیں۔ حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ اور آیات کے حوالہ سے اپنے دور کے مسائل کا ذکر امام قرطبیؒ کی نمایاں خصوصیت ہے۔

© rasailojaraid.com

## علمی مرتبہ

© rasailojaraid.com



کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتے، طلبہ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے اسے میٹھا چشمہ سمجھتے ہیں اور عوام کے لئے یہ معلومات کا وسیع تر خزانہ ہے۔ حافظ ذہبی نے اس کی تعریف یوں کی ہے: ''وقد سارت بتفسیرہ العظیم الشأن الرکبان'' (ان کی عظیم الشان تفسیر قافلے ساتھ لے کر چلے)، مشہور مؤرخ فخرالدین الکتبی نے امام قرطبیؒ کی اس کاوش کو ''ملیح إلی الغایة'' (حد درجہ لطیف) کہا ہے۔[۴۶] ابن العماد الحنبلی نے اس کی جامعیت کا نقشہ یوں کھینچا ہے: ''والتفسیر الجامع لأحکام القرآن الحاکي مذاھب السلف کلھا وما أکثر فوائدہ.وکان إماماً عَلَماً، من الغواصین علی معاني الحدیث، حسن التصنیف، جید النقل'' (اور تفسیر ''الجامع لأحکام القرآن'' تمام علماء سلف کے نقطہ ہائے نظر کو ذکر کرنے والی ہے اور اس کے بے بہا فوائد ہیں۔ مصنفؒ ایک امام، چوٹی کے عالم، حدیث کے معانی میں غوطہ لگانے والے، بہت اچھے مصنف اور روایت و اقتباس کے ماہر تھے)۔[۴۷] معاصر محقق محمد حسین ذہبی نے تفسیر قرطبی کا تعارف یوں کروایا ہے: ''وعلی الْجملة فإن القرطبي رحمه الله في تفسیرہ ھٰذا حرّ في بحثه، نزیه في نقدہ، عفٌّ في مناقشته وجدله، ملمٌّ بالتفسیر من جمیع نواحیه بارع في کل فن استطرد إلیه وتکلم فیه''۔[۴۸] (قرطبیؒ اپنی اس تفسیر میں آزاد تحقیق، بے لاگ تنقید اور غیر جانبدارانہ استدلال کے اصولوں پر کاربند نظر آتے ہیں۔ انہوں نے تفسیر کے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا اور جس موضوع پر بحث شروع کی اسے نہایت مہارت سے پایہ تکمیل تک پہنچایا)۔

## علماء اور محققین کا اہتمام

حافظ ذہبیؒ کے جملہ: ''وقد سارت بتفسیرہ العظیم الشأن الرکبان'' (ان کی عظیم الشان تفسیر کو قافلے ساتھ لے کر چلے) کا معنوی تسلسل آج بھی نظر آتا ہے کہ جب سے یہ تفسیر وجود میں آئی ہے اس کے مطالعہ کرنے والوں کے پررونق قافلہ کے ساتھ ساتھ مختلف پہلوؤں سے اسے موضوعِ تحقیق و تالیف اور مصدرِ اقتباس و تقلید بنانے والوں کا تانتا بھی بندھا رہا ہے۔ بعد کے مفسرین میں سے اس سے لفظاً یا معناً بکثرت اقتباس کرنے والوں میں علامہ ابن کثیر، ابوالحیان الاندلسی اور امام شوکانی جیسے عظیم نام نظر آتے ہیں۔[۴۹] امام شوکانیؒ کی تفسیر فتح القدیر تو بادی النظر میں اس کا اختصار نظر آتی ہے۔ پوری عبارات لفظ بلفظ یہیں سے منقول ملتی ہیں۔ برصغیر پاک وہند کے تفسیری ادب میں شاذ ونادر ہی کوئی تفسیر ایسی ہوگی جس کے مؤلف نے قرطبیؒ کو اپنے بنیادی مراجع میں شامل نہ رکھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے مل کر اس میں تصحیحات، مشکل الفاظ کے معانی اور چیدہ چیدہ تخریجات کا کام کیا۔ انہی حضرات نے ایک قابلِ قدرخدمت یہ سرانجام دی کہ مؤلف ؒ نے جابجا اپنی تفسیر کے جن دیگر مقامات کی طرف اشارہ کیا ہے ان کے تعین کی کوشش کر کے ان کے حوالہ جات حواشی میں درج کردیئے۔ تصحیحات کو انہوں نے متن کے اندر ہی قوسین میں درج کردیا۔ ۱۹۵۲ کے بعد یہی نسخہ متعدد بار شائع ہوا۔ جامع ازہر کے پروفیسر ڈاکٹر قصبی محمود زلط نے ''القرطبی ومنهجه في التفسير'' کے عنوان سے اس پر ۴۸۶ صفحات کا ایک جامع مقالہ لکھا جسے ''المركز القريب للثقافة والعلوم'' نے شائع کیا ہے۔ اسکندریہ یونیورسٹی مصر کے طالبِ علم احمد بلعم مفتاح السنوسی کو اسی عنوان ''القرطبی ومنهجه في التفسير'' سے مقالہ لکھنے پر ۱۹۷۲ء میں ایم اے کی ڈگری دی جا چکی ہے۔ جامعہ قاہرہ، مصر کے کاظم ابراہیم کاظم '' تفسیرِ قرطبی میں نحوی مسائل'' پر مقالہ لکھ کر ۱۹۸۲ء میں پی ایچ ڈی کرچکے ہیں۔ جدہ، سعودی عرب میں ''كلية التربية للبنات'' سے ''تفسیرِ قرطبی کی روشنی میں'' حدود'' کے بارے میں امام قرطبیؒ کی مجتہدانہ آراء'' کے دیگر فقہاء کی آراء سے تقابلی جائزہ پر مبنی مقالہ پر ۱۴۱۰ھ میں سعدیہ حامد جمعہ الحیادی کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری مل چکی ہے۔ جامعہ ازہر سے ایک اور پی ایچ ڈی ''الدخيل في تفسير القرطبي'' کے عنوان سے احمد الشحات احمد موسیٰ کرچکے ہیں۔ قاہرہ یونیورسٹی سے ''تفسير القرطبي: تحقيق ودراسة في المصادر التفسيرية'' (سورۂ کہف کے آخر تک) کے عنوان سے رشاد احمد یوسف ۱۹۸۸ء میں پی ایچ ڈی کرچکی ہیں۔ ''ابوعبدالله القرطبی وجهوده في النحو واللغة'' کے عنوان سے عبدالقادر رحیم جتی الہیتی کی کتاب مارکیٹ میں آچکی ہے۔ اس کے علاوہ ''الإمام القرطبي شيخ أئمة التفسير'' تالیف مشہور حسن محمود سلمان، ''الشواهد الشعرية في تفسير القرطبي'' تالیف جمال احمد محمد منصور، ''القرطبي المفسر وكتابه الجامع لأحكام القرآن'' تالیف الصادق عبدالرحمٰن الغریانی، ''مختار تفسیرِ القرطبي: الجامع لأحكام القرآن'' تالیف توفیق الحکیم، ''مختارات من تفسير القرطبي والطبري والرازي'' تالیف محمد ادیب صالح، ''مختصر تفسیرِ قرطبی'' تالیف محمد بن احمد شمس الدین منظر عام پر آچکی ہیں۔[51] ۱۴۰۸ھ/ ۱۹۸۸میں '' دارالكتب العلمية بيروت'' نے اس کے پرانے نسخہ کے ساتھ فہارس کی ایک جلد کا اضافہ کیا جس میں تفسیر قرطبی میں سے اطراف الحدیث، اعلام رجال، کنیتوں، اعلامِ نساء، قبائل وشعوب، فرق ومذاہب، مقامات اور شعری شواہد پر مشتمل آٹھ قسم کی فہارس تیار کی گئیں۔ ''كشاف تحليلي للمسائل الفقهية في تفسير القرطبي'' کے عنوان سے اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دارالحدیث قاہرہ نے ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۴ء میں ایک نہایت عمدہ نسخہ شائع کیا ہے جس کی تخریجات کافی حد تک قابلِ اعتماد معلوم ہوتی ہیں، ۱۴۲۱ھ/ ۲۰۰۰ء میں دارالکتاب العربی بیروت نے شیخ عبدالرزاق المہدی کی تحقیق سے ایک نسخہ شائع کیا ہے جس کے شروع میں تفسیر کی اقسام اور مفسرین کے تعارف پر مشتمل ایک مقدمہ بھی شامل ہے۔ انہوں نے حدیث کے حواشی میں اگرچہ صرف کتاب کے نام اور حدیث نمبر پر اکتفا کیا ہے مگر اس نسخہ کی قابلِ قدر بات یہ ہے کہ حدیث کے حوالہ جات اول سے آخر تک مسلسل نمبر کے ساتھ دیگر حواشی سے الگ ذکر کیے گئے ہیں۔ فضائل و آداب اور علومِ قرآنِ مجید پر مشتمل تفسیرِ قرطبی کا مقدمہ مستقل کتاب کی صورت میں بھی چھپ چکا ہے۔

آج کے دور میں الیکٹرانک میڈیا نے دنیا کی اچھی بری ہر قسم کی چیزیں ہر شخص کی انگلیوں کے نیچے لاکر رکھ دی ہیں۔ عصرِ حاضر کے سکالرز نے علومِ دینیہ کی ترویج و اشاعت میں بھی اس وسیلہ کو خوب استعمال کیا ہے۔ بیسیوں کتب ایک سی ڈی ڈسک میں آجانا معمولی بات ہے، کئی ڈسکیں ایسی بھی ہیں جو ایک ہزار یا اس سے بھی زائد کتب پر مشتمل ہیں۔ اس میدان میں بھی تفسیرِ قرطبی، تفسیر کی متخصص موضوعاتی سیڈیز میں تو صفِ اول میں نظر آتی ہی ہے، علومِ اسلامیہ کے عام مطالعہ یا طلبہ کے لیے تیار کی جانے والی سیڈیز کو بھی شاید تفسیرِ قرطبی کے بغیر نامکمل ہی سمجھا جاتا ہے۔ انٹرنیٹ کے ذریعے دینی تعلیمات کے پروگراموں ''المحدّث'' وغیرہ میں بھی یہی حال ہے یا اس سے بھی دو قدم آگے ہوگا۔ ایسے پروگراموں میں تو عربی کے علاوہ انگریزی وغیرہ میں بھی اس عظیم تفسیر کو نشر کر دیا گیا ہے۔ تحقیق و تخریج کے حوالے سے بھی تفسیرِ قرطبی پر آئے دِن نئی نئی کاوشیں منظرِ عام پر آرہی ہیں۔ دراساتِ علیا (ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی سطح) کے طلبہ بھی مدتوں سے اسے تحقیق کا وسیع میدان سمجھتے آئے ہیں اور اس وقت بھی مختلف جامعات میں اس پر کسی نہ کسی پہلو سے کام جاری ہے۔

## تفسیرِ قرطبی کا اسلوبِ تالیف

امام قرطبیؒ کا اپنی تفسیر میں یہ اسلوب رہا ہے کہ زیرِ مطالعہ آیت یا اس کا کچھ حصہ نقل کرنے کے بعد سب سے پہلے اس کے تفسیری مباحث کی تعداد بتاتے ہیں۔ ان مباحث کے لیے وہ ہمیشہ ''مسائل'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں مگر یہاں مسائل سے مراد صرف فقہی احکام نہیں ہوتے بلکہ ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جا کر اس کی وضاحت کرنے کی کوشش کرتے ہیں خواہ اس کے لیے کتنی ہی طویل بحث کرنا پڑے۔ ان کے ہاں دوسری کتب سے اقتباسات کارواج بھی بہت ہے جس میں جدید اصولِ تحقیق کی واضح جھلک نظر آتی ہے۔ مؤلفؒ نے کتاب کے شروع میں ہی اپنے اسلوب کی چیدہ چیدہ خصوصیات بیان کر دی ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''وشرطي في هذا الكتاب إضافة الأقوال إلى قائليها و الأحاديث إلى مصنفيها، فإنه يقال مِن بركة العلم أن يضاف القول إلى قائله و كثيرا ما يجيء الحديث في كتب الفقه و التفسير مبهما...... فلا يقبل منه الاحتجاج به و لاالاستدلال حتى يضيفه الى من خرَّجه ونحن نشيرُ إلى جُمَل من ذلک في هذَاالكتاب والله الموفق للصواب. وأضرب عن كثير من قصص المفسرين وأخبار المؤرخين إلاَّ مالابد منه ولاغنىً عنه للتبيين . واعتضتُ من ذلک تبيين آی الأحكام بمسائل تُسفِرُ عن معناهاوترشد الطالب إلى مقتضاها فضمَّنتُ كل آية تتضمن حكماً أوحكمين فما زاد مسائل نبين فيها ماتحتوي عليه من أسباب النزول وتفسير الغريب والحُكم . فإن لم تتضمن حكماً ذكرتُ ما فيها من التفسير والتأويل ، هكذَاإلى آخر الكتاب'' (۵۲)

خلاصہ یہ کہ :

۱۔ ہم نے ہر قول کو اس کے قائل کی طرف اور ہر حدیث کو کتاب کے مصنف کی طرف سے منسوب کیا ہے۔

۲۔ مفسرین و مورخین جو (من گھڑت) قصے کہانیاں ذکر کرتے ہیں ہم نے ان سے اکثر اجتناب ہی کیا ہے سوائے ان کے جو موقع کی مناسبت سے ضروری نظر آئے۔

۳۔ آیات احکام پر ہم نے خصوصی توجہ دی ہے اور جن آیات میں ایک، دو یا اس سے زیادہ جس قدر احکام مستنبط ہوتے تھے ہم نے ان کو بیان کر دیا ہے۔ جن آیات میں احکام نہیں تھے ان میں دیگر تفسیری پہلوؤں کو اجاگر کرنے پر اکتفاء کیاہے۔

۴۔ جہاں اسباب نزول کی طرف اشارہ ملتا تھا وہ بھی ذکر کردیاہے۔

۵۔ مشکل الفاظ کے مطالب بھی واضح کر دیئے ہیں۔ ہم نے کتاب کے آخر تک یہی اسلوب اختیار کیاہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہر دور کے علماء نے اسے تفسیری مرجع کا درجہ دیا ہے تاہم یہ دعوی کرنا مشکل ہے کہ تفسیر قرطبی میں اس منہج کے تمام پہلوؤں کا احاطہ ہوگیا ہے۔ ذیل میں چند امور کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے تاکہ اس عظیم علمی شاہکار سے بہتر طور پر استفادہ ممکن ہوسکے۔

## اسلوبِ تالیف کا ایک جائزہ

مؤلفؒ نے اپنے اسلوب کی پابندی کا اہتمام فرمایا ہے تاہم اس قدر ضخیم علمی کام میں اس کے کسی پہلو میں کام کی مزید گنجائش مل جانا کوئی نئی بات نہیں۔ ان کا ایک اصول قول کی نسبت قائل کی طرف ہے جس کا اکثر اہتمام کیا گیا ہے مگر اس کے باوجود جا بجا ''قیل'' اور ''رُوِيَ'' کے الفاظ اس میں مزید تحقیق کی گنجائش کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔(۵۳) بعض اوقات قول کو کسی کتاب کے مصنف کی طرف منسوب کردیا جاتا ہے مگر درحقیقت ایسا نہیں ہوتا(۵۴)، بعض اوقات ثانوی مرجع سے کسی کا قول نقل کرنے کی وجہ سے معنی میں تبدیلی آجاتی ہے۔(۵۵)

امام قرطبیؒ کا دوسرا اصول حدیث کی نسبت اس کے مخرج کی طرف ہے۔ اس اصول کے پیش نظر تفسیر کے کسی بھی حصہ کا مطالعہ کرنے سے درجِ ذیل صورتیں سامنے آتی ہیں: تفسیرِ قرطبی میں کتبِ حدیث کے حوالہ جات بکثرت ملتے ہیں۔ کبھی ایک حدیث کے متعدد طرق ذکر کیے گئے ہیں، کہیں حدیث کا درجہ بھی متعین کر دیا گیا ہے۔ بعض احادیث کتاب کے حوالہ، باب کے عنوان اور پوری سند کے ساتھ منقول ہیں(۵۶)، بعض میں صرف کتاب کا حوالہ دیا ہے، حدیث پوری سند کے ساتھ نقل کی ہے اور ایک سے زائد طرق بھی نقل کردیئے ہیں۔(۵۷) بعض احادیث کتاب کے حوالہ اور پوری سند کے ساتھ ایک طریق سے نقل کی ہیں،(۵۸) کچھ احادیث کتاب کے حوالہ اور صرف مختصر سند کے ساتھ نقل کی ہیں،(۵۹) بعض احادیث میں صرف راوی کے نام اور کتاب کے حوالہ پر اکتفا کیا گیا ہے،(۶۰) بے حوالہ احادیث بھی کثیر تعداد میں ملتی ہیں۔ بعض احادیث میں حوالہ ہے، راوی کا نام مذکور نہیں،(۶۱) بعض احادیث میں راوی کا نام ہے، حوالہ موجود نہیں،(۶۲) بعض احادیث میں صرف راوی کا نام ہے اور حوالہ نہیں دیا گیا، البتہ روایت کا دوسرا طریق ذکر کر دیا گیا ہے،(۶۳) بہت سی احادیث ایسی ہیں جن میں نہ کتاب کا حوالہ ہے نہ راوی کا،(۶۴) بعض احادیث میں راوی کا نام موجود ہے مگر حدیث کی کتاب کا حوالہ نہیں دیا گیا بلکہ اسی تفسیر کے کسی دوسرے مقام کی طرف اشارہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حوالہ دے دیا گیا، حدیث کی کسی کتاب کا حوالہ نہیں دیا،(۶۷) بعض اوقات نہ کتابِ حدیث کا حوالہ ہے نہ راوی کا نام، بلکہ تفسیر قرطبی ہی کے کسی اور مقام کی طرف اشارہ کردیا ہے۔(۶۸) امام قرطبیؒ کا ایک اصول من گھڑت قصے کہانیوں سے اجتناب ہے۔ تفسیر قرطبی میں ایسے قصوں کی تعداد نسبتاً کم ہے مگر اس کے باوجود اس میں اسرائیلیات کی خاصی تعداد جمع ہوگئی ہے۔ کبھی مؤلف نے ایسی کوئی کہانی ذکر کرنے کے بعد دلائل سے اس کی تردید کر دی ہے اور کبھی بڑی عجیب عجیب روایات سے بلا تبصرہ گزر گئے ہیں۔ انہوں نے اپنی کتاب ''التذکرہ'' کے حوالے سے حضرت حذیفہ ابن الیمان کی روایت سے سفیانی کے لشکر کا لمبا چوڑا قصہ لکھا ہے جس کی تفاصیل معتبر کتب کی تفاصیل سے نہ صرف مختلف ہیں بلکہ ان سے متصادم ہیں اور مؤلفؒ ان سے مرور الکرام بلا تبصرہ گزر گئے ہیں۔(۶۹) ''التذکرہ'' میں خود مؤلف نے بھی لکھا ہے: ''حدیث حذیفة هذا فیه طول'' (حضرت حذیفہ کی اس روایت میں کچھ زیادہ ہی تفصیل ہے)۔ انہوں نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ اس روایت کا مرجع ابوالحسین جعفر بن المنادی کی ''کتاب الملاحم'' ہے اور اس کا مرجع عبرانی نبی دانیال کی کتاب ہے۔(۷۰) قرطبیؒ نے اپنی تفسیر میں اس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا حالانکہ طبری وغیرہ دیگر ائمہ تفسیر نے ان تفاصیل کو باطل قرار دیا ہے۔(۷۱)

مؤلفؒ نے آیاتِ احکام کو خصوصی طور پر موضوعِ بحث بنایا ہے اور ایسی ہر بحث میں عموماً دقیق تفاصیل ذکر کی ہیں جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے ارشاد باری تعالیٰ: ﴿اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ﴾ کی تفسیر چھبیس مباحث میں بیان فرمائی ہے جن میں سے بحث نمبر ۴ سے ۲۱ تک ۲۹ صفحات پر مشتمل ۱۸ مباحث صرف نماز کے احکام کے بارے میں ہیں۔(۷۲) وہ حتی الامکان کوئی ایسا موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے جہاں سے کوئی فقہی حکم دلالۃ یا اشارۃ ثابت ہو سکتا ہو۔ چونکہ وہ بنیادی طور پر امام مالکؒ کے مقلد ہیں اس لیے مسئلہ کی بنیاد تو مالکیہ کی رائے پر ہوتی ہے مگر دوسرے مذاہب کی آراء اور دلائل بھی وہ نہایت اہتمام سے ذکر کرتے ہیں۔ بعض اوقات اپنی مجتہدانہ بصیرت کو استعمال کرتے ہوئے غیر مالکی آراء کو مالکی آراء پر ترجیح بھی دے دیتے ہیں اور اس کے دلائل بھی ذکر کرتے ہیں۔(۷۳)

امام قرطبیؒ کے دور تک اندلس دینی علوم کے ساتھ ساتھ صنعت اور سائنسی علوم میں بہت ترقی کر گیا تھا جس کا اثر ان کی تفسیر میں واضح طور پر نظر آتا ہے۔ بعض اوقات وہ موضوعات ہیئت وغیرہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



موجود ہے۔(۷۵) قراء ات میں وہ مشہور روایات کے ساتھ ساتھ قراء ات شاذہ کا تعارف بھی کروا دیتے ہیں اور لغوی مباحث میں مشکل الفاظ کے معانی بیان کرنے کے ساتھ ساتھ صرف، نحو، بلاغت ہر پہلو کو اجاگر کرتے ہیں۔

آخر میں یہ بات پیشِ نظر رہنا ضروری ہے کہ تفسیر قرطبی ایک بہت بڑا علمی خزانہ اور مختلف علوم اسلامیہ کی تحقیق کا عظیم مرجع ہے جس میں مصنفؒ نے اپنے سابقین اور معاصرین کے دروس اور تالیفات سے خوب استفادہ کیا اور یہ فطری بات ہے کہ ایسی ضخیم کتاب میں کچھ نہ کچھ پہلو ایسے مل سکتے ہیں جن پر مزید تحقیقی کام کی گنجائش موجود ہو۔ اس تفسیر کے حوالے سے بالخصوص اقتباسات اور علماء سلف سے منقول اقوال پر تحقیقی کام کی خاصی گنجائش موجود ہے۔ شاید صدیوں کی نقل و حرکت اور کتابت و نسخ کے دوران الفاظ یا عبارات میں ایسی تبدیلیاں آگئی ہیں جن کی وجہ سے بعض مقامات پر معانی میں بھی کچھ تبدیلی واقع ہوگئی ہے۔(۷۶) بعض اوقات ثانوی مراجع سے اقتباسات کی وجہ سے کچھ تبدیلیاں آگئی ہیں۔(۷۷)

## تفسیرِ قرطبی اُردو میں

کچھ عرصہ قبل تک تفسیرِ قرطبی تک صرف اہلِ علم عربی دان طبقہ کی رسائی ہی ممکن تھی۔ عرب ممالک کے طلبہ، علماء اور محققین نے اس خصوصیت کا خوب فائدہ بھی سمیٹا۔ انہوں نے تعلیمی تحقیقی اداروں کی زیرِ سرپرستی یا اپنے ذوقِ تحقیق کی تسکین کے لیے بیسیوں کتابیں اس کے بارے میں لکھ ڈالیں جن میں اس کے مختلف پہلوؤں کو موضوعِ تحقیق بنایا گیا مگر جوں جوں مشرق و مغرب اور جنوب و شمال کے درمیاں فاصلے سمٹتے جا رہے ہیں علوم و فنون میں اشتراک بھی بڑھتا جا رہا ہے۔ تفسیر قرطبی کو بھی اس ترقی سے وافر مقدار میں حصہ ملا۔ اُردو میں اس کا مکمل ترجمہ تو اب تک نہیں چھپ سکا مگر اردو بولنے اور لکھنے والے علماء و مصنفین نے جذبۂ تبلیغِ دین کے تحت اس کے علوم و معارف کو اردو قارئین تک کسی نہ کسی درجے میں پہنچانے کی سعی ضرور کی۔ اردو کی مشہور و متداول تفاسیر میں سے شاید ہی کوئی ایسی ہو جس میں امام قرطبیؒ کے اس عظیم الشان علمی ورثہ کے حوالہ جات جابجا نظر نہ آتے ہوں۔ یہ کوششیں قابلِ قدر ہیں مگر اسلامی علوم کے اس انسائیکلوپیڈیا تک اردو دان قاری کی رسائی اور اس کے فوائد کے پیش نظر ایک عرصہ سے علمی حلقوں میں کہیں نہ کہیں ایسی آواز سننے کو ملتی تھی کہ اس کا ترجمہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پہلی جلد پریس کو جا چکی ہے اور چند دنوں میں ان شاء اللہ منظر عام پر آیا ہی چاہتی ہے۔ اس منصوبہ کا ابتدائی خاکہ محترم پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کی ہدایات کے مطابق تیار کیا گیا۔ پہلی جلد کی اردو میں تکمیل کے دوران محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی صاحب، ڈائریکٹر جنرل شریعہ اکیڈمی کی مسلسل رہنمائی حاصل رہی۔ اس کی نظر ثانی، پروف ریڈنگ اور حتمی تصحیح میں مستند علماء اور قابلِ قدر اسکالرز کی خدمات حاصل رہیں۔ اس کی احادیث کی تخریجات، اردو ترجمہ اور توضیحی حواشی کے علاوہ مسلم اندلس کے زمانہ میں قرطبہ کے علمی مقام، ثقافتی ترقی، امام قرطبیؒ اور ان کی تفسیر کی اہمیت کے متعلق ایک مبسوط مقدمہ بھی اس میں شامل کردیا گیا ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّایَصِفُونَ وَسَلاَمٌ عَلَی الْمُرْسَلِینَ وَالْحَمْدُ للهِ ربِّ الْعَالَمِینَ .

## حواشی

۱۔ قرطبة في العصر الإسلامي ص ۱۴۹، القرطبی و منهجه ص۸، ۱۰

۲۔ اعلام زرکلی، تعارف ابن ہود ۷:۱۴۹، تاریخ ابن خلدون ج ۴، ثورة ابن هود على الموحدين بالأندلس، سقوط قرطبة: تآمر العدو والصديق،احمد تمام ،اسلام آن لاین.

۳۔ اعلام زرکلی ۶:۲۲۸

۴۔ اعلام زرکلی ۵: ۴۱، القرطبی و منهجه ص ٦٦

۵۔ نفح الطيب ج ۱، لمحه من تاريخ الحكم في الأندلس، سقوط قرطبة : تآمر العدو والصديق ، اسلام آن لاين.

٦۔ القرطبی و منهجه ص ۲۱۔۲۲

۷۔ علامہ مقری نے نفح الطیب کا پانچواں باب انہی علماء و طلبہ کے تعارف کے لیے مختص کیا ہے۔

۸۔ القرطبی و منهجه في التفسير ص ۲۱۔۲۲

۹۔ اعلام زرکلی: ۵:۳۲۲، معجم المؤلفين ۳: ۵۲، هدية العارفين۲: ۱۲۹

۱۰۔ تفسیر قرطبی، آل عمران: ۱۶۹-۱۷۰

۱۱۔ ڈاکٹر قصی زلط نے ان کا تعارف ابوسلیمان ربیع بن عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالرحمٰن ابن ربیع الاشعری القرطبیؒ لکھا ہے۔ قرطبہ کے قاضی رہے۔ ۲۳شوال ۶۳۳ھ (۲۹ جون ۱۲۳۶ء) بروز اتوار جب قشتالوی عیسائیوں نے ان کے وطن پر قبضہ کر لیا تو یہ اشبیلیہ منتقل ہو گئے اور اس کے بعد جلد ہی وہاں وفات پائی۔ القرطبی ومنهجه ص ۱۳۔ عمر رضا کحالہ نے ابوعامر یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالرحمٰن بن ربیع الاشعری القرطبی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علاقۂ آمد کے قاضی بھی رہے مگر ۶۰۹ھ میں جب آمد پر عیسائیوں کا قبضہ ہوگیا تو یہ گرفتار ہوئے۔ وہاں سے جان چھوٹی تو شاطبہ چلے گئے اور وہاں کے قاضی بنے۔ پھر کچھ عرصہ قرطبہ میں منصبِ قضاء پرفائز رہے۔ اس کے بعد فاس کے قاضی رہے اور مراکش میں ۸۸ سال کی عمر میں وفات پائی۔ انہیں کئی علوم پر عبور حاصل تھا مگر بلاغت کے میدان میں خاص طور پر ممتاز تھے۔ شذرات الذهب ج۵

۱۳۔ ابوالحسن علی بن محمد الربعی اللخمی (۴۷۸ھ/۱۰۸۵ء) کا وطنِ اصلی قیروان تھا مقام سفاقس میں مقیم رہے اور وہیں وفات پائی۔ مذہبِ مالکی کے فقیہ تھے۔ ان کی کتاب ''التبصرة'' فقہ مالکی کی مشہور کتاب ''المدونة'' پر ان کی تعلیقات کا مجموعہ ہے۔ اس میں انہوں نے ایسی آراء ذکر کی ہیں جو ان کے مذہب کی مشہور آراء سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ اعلام زرکلی ۴:۳۲۸

۱۴۔ ابوجعفر احمد بن محمد القیسی المعروف ابن ابی حجہ (م ۶۴۳ھ/ ۱۲۴۵ء) قرطبہ میں قرآنِ مجید اور لغتِ عرب کی تعلیم دیتے رہے۔ بعد میں اشبیلیہ منتقل ہو گئے اور عیسائیوں کے ہاتھوں قید ہوئے۔ دورانِ قید تشدد کی وجہ سے میورقہ کے مقام پر ان کی وفات ہوئی۔ اعلام زرکلی ۱:۲۱۹

۱۵۔ مقدمہ ابن خلدون ص ۵۳۸

۱۶۔ قرطبة في العصر الإسلامي ص ۱۴۹، القرطبی و منهجه ص۸، ۱۰

۱۷۔ مقالة سقوط قرطبة: تآمر العدو والصدیق/ احمدتمام، Islam On line

۱۸۔ کتبِ مراجع میں ان کی کنیت ابوعلی اور نام حسن بن محمد بن محمد بن محمد بن عمرالبکری التیمی النیشابوری (۵۷۴-۶۵۶ھ/ ۱۱۷۸-۱۲۵۸ء) اور لقب صدرالدین ہے۔ وہ بیک وقت محدث، مؤرخ، صوفی اور حساب دان تھے۔ حصولِ علم کے لیے انہوں نے بہت سے مشہور مقامات کا سفر کیا۔ انہوں نے تاریخ ابن عساکر کا ایک تکملہ بھی لکھا مگر ان کا مسودہ کہیں ضائع ہوگیا۔ ان کی وفات مصر میں ۱۱ ذی الحجہ کو ہوئی۔ معجم المؤلفین ۱:۵۹۰، تفسیر قرطبی: الصافات:۱۸۰ میں بھی ان کا نام ابوعلی الحسن......ابن عمروک ہے۔

۱۹۔ التذكرة: باب مايرجى من رحمة الله تعالىٰ ومغفرته وعفوه يوم القيامة.

۲۰۔ تفسیر قرطبی: آل عمران ۳:۱۳۵ ﴿وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً﴾، الکهف:۵۰:۸۲

۲۱۔ ابومحمد عبدالمعطی بن محمود بن عبدالمعطی ابن عبدالخالق ابن ابی الثناء اللخمی الاسکندری (۵۶۳-۶۳۸ھ/ ۱۱۶۸-۱۲۴۱ء) اسکندریہ میں پیدا ہوئے اور وہیں رہے۔ وہاں ان کا مشہور حلقہ ہوتا تھا۔ ان کی وفات مکہ مکرمہ میں ہوئی اور جنۃ المعلیٰ میں دفن ہوئے۔ نابینا تھے مگر فقہاء مالکیہ میں ایک مقام رکھتے تھے اور تصوف سے ان کا گہرا شغف تھا۔ اعلام زرکلی ۴:۱۵۵

۲۲۔ رشید الدین ابومحمد عبدالوہاب بن ظافر بن علی بن فتوح الاسکندرانی (۵۵۴ھ-۶۴۸ھ) المعروف ابن رواح، بڑے فقیہ اور عابد زاہد تھے۔ انہوں نے طویل عمر پائی اور اسکندریہ مصر میں کافی عرصہ تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ شذرات الذهب

© rasailojaraid.com

۲۳۔ التذكرة: باب مايسأل عنه العبد وكيفية......، باب في قوله تعالىٰ: وَوُضِعَ الْكِتَابُ فَتَرَى الْمُجْرِمِينَ مُشْفِقِينَ.

© rasailojaraid.com



۲۵۔ التذکرة: باب ماینجي المؤمن من أهوال القبر وفتنته وعذابه.

۲۶۔ ابوالعباس احمد بن عمر بن ابراہیم الانصاری القرطبیؒ (۵۷۸-۶۵۶ھ/ ۱۱۸۲-۱۲۵۸ء) المعروف ابن مزین، عظیم المرتبت محدثین اور جلیل القدر فقہاء مالکیہ میں سے تھے۔ قرطبہ میں پیدا ہوئے، اسکندریہ میں مدرس رہے اور وہیں وفات پائی۔ ان کی ''المفهم لماأشکل من کتاب تلخیص صحیح مسلم'' بہت مشہور ہے۔ صحیح مسلم کی شرح میں ان کی اپنی تصنیف کی تلخیص ہے۔ اعلام زرکلی ۱:۱۸۶

۲۷۔ تفسیر قرطبی، التوبة:۴۰(شیخناالإمام أباالعباس)، التذکرة: باب ماجاء أن المیت یحضر الشیطان عند موته وجلساؤه في الدنیاومایخاف من سوء الخاتمة (مع ذکر ثغر الإسکندریة)۔

۲۸۔ نفح الطیب: الباب الخامس فیمن رحل من الأندلسیین إلی المشرق.

۲۹۔ شیخ ابوالحسن علی بن ہبۃ اللہ بن سلامہ ابن المسلم بن احمد بن علی اللخمی المصری الشافعی (۵۵۹-۶۴۹ھ) المعروف ابن الجمیزی اپنے وقت میں مصر کے سب سے بڑے قاری، سب سے بڑے خطیب، سب سے بڑے مدرس اور سب سے بڑے مفتی تھے۔ ان کے شاگردوں کی تعداد بے شمار ہے اور انہیں ''مسند الدیار المصریة'' کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ شذرات الذهب، التذکرة: باب ماجاء في تلقین الإنسان بعد موته شهادة الإخلاص في لحده.

۳۰۔ القرطبی ومنهجه في التفسیر ص ۲۱-۲۳

۳۱۔ تفسیر قرطبی ج ۸، الأنفال ۸:۴۱، زکی الدین ابو محمد عبدالعظیم بن عبدالقوی بن عبداللہ المنذری (۵۸۱-۶۵۶ھ/۱۱۸۵-۱۲۵۸ء) لغت کے علامہ اور حافظِ حدیث اور بڑے مؤرخ تھے۔ ''الترغیب والترهیب'' اور ''التکملة لوفیات النقلة'' ان کی مشہور کتب میں سے ہیں۔ آبائی وطن شام تھا مگر یہ مصر میں پیدا ہوئے اور وہیں زندگی گزاری۔ کافی عرصہ تک دارالحدیث الکاملیہ کے شیخ المشائخ رہے۔ پھر بیس سال مسلسل یہ مصروفیت چھوڑ کر تصنیف و تالیف میں گزارے۔ اعلام زرکلی ۴:۳۰

۳۲۔ تفسیر القرطبی ج۱۰، الحجر:۹، التذکرة: باب منه في الشفعاء وذکر الجهنمیین (یہاں غلطی سے الکومی کی جگہ الکونی لکھ دیا گیا ہے)، باب ماجاء في أشجار الجنة وفي ثمارها......

۳۳۔ نفح الطیب: الباب الخامس فیمن رحل من الأندلسیین إلی المشرق، تعارف أبو عبداللہ محمد بن أحمد القرطبی المفسر، نمبر۱۲۲

۳۴۔ الشیخ الاکبر محی الدین ابوبکر محمد بن علی بن محمد ابن عربی الحاتمی الطائی الاندلسی (۵۶۰-۶۳۸ھ/ ۱۱۶۵-۱۲۴۰ء) صوفی نظریۂ وحدۃ الوجود کے امام اور متکلمین و فلاسفہ کے رہنما تھے۔ اندلس کے شہر مرسیہ میں پیدا ہوئے اور پھر اشبیلیہ منتقل ہوگئے۔ انہوں نے شام، بلادِ روم، حجاز، عراق اور مصر کے سفر بھی کیے۔ علماء مصر نے عقیدۂ وحدۃ الوجود کی وجہ سے ان کے قتل کا فتویٰ دیا۔ اس سلسلہ میں ان کو قید بھی ہوئی مگر اپنی معتقد ایک بااثر شخصیت کی مداخلت پر رہا ہوئے۔ آخر میں دمشق چلے گئے اور وفات تک وہیں رہے۔ انہوں نے کم و بیش چار صد کتابیں تصنیف کیں۔ اعلام زرکلی ۶:۲۸۱

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"بالکف" کی بجائے "بالکتب" منقول ہے۔

۳۸۔ تفسیر قرطبی، مقدمة الدكتور محمد إبراهيم الحفناوي، ص ۸

۳۹۔ اعلام زرکلی ۵:۳۲۲، معجم المؤلفين ۳:۵۲، هدية العارفين ۲: ۱۲۹

۴۰۔ التذكرة، باب ماجاء أن للموت سكرات وفي تسليم الأعضاء بعضها على بعض وفيمايصير الإنسان إليه.

۴۱۔ اعلام زرکلی ۵:۳۲۲

۴۲۔ تاریخ کتبی فخرالدین محمد ابن شاکر الکتبی (م۷۶۴ھ) کی کتاب عیون التواریخ کا مختصر نام ہے۔ یہ تاریخ ۷۶۰ھ تک کے واقعات پر مشتمل سات جلدوں میں ہے۔ اس کے مندرجات بڑی حد تک تاریخ ابن کثیر سے ملتے جلتے ہیں۔ کشف الظنون ۲: ۱۱۸۵

۴۳۔ نفح الطيب: الباب الخامس فيمن رحل من الأندلسيين إلى المشرق، تعارف نمبر۱۲۲

۴۴۔ شذرات الذهب ج ۵، سنة إحدى وسبعين.

۴۵۔ اعلام زرکلی: ۵:۳۲۲، معجم المؤلفین ۳: ۵۲، هدية العارفين ۲: ۱۲۹، شذرات الذهب ج ۵، سنة إحدى وسبعين.

۴۶۔ نفح الطيب: الباب الخامس فيمن رحل من الأندلسيين إلى المشرق، تعارف نمبر ۱۲۲

۴۷۔ شذرات الذهب ج ۵، سنة إحدى وسبعين.

۴۸۔ التفسير والمفسرون ۳:۱۳۰

۴۹۔ القرطبي ومنهجه في التفسير، الفصل الحادي عشر، القيمة العلمية لتفسير القرطبي ص ۴۱۸

۵۰۔ کشف الظنون ۱:۵۳۴

۵۱۔ ایم اے اور پی ایچ ڈی کے مقالہ جات اور امام قرطبیؒ اور ان کی تفسیر کے بارے میں عربی کتب کی معلومات کے لیے ہمیں مرکز جمعۃ الماجد للثقافۃ والتراث دوبئی کے لائبریری ریکارڈ سے بہت مدد ملی ہے۔

۵۲۔ مقدمة تفسير القرطبي ۱: ۳

۵۳۔ تفسیر قرطبی، سبا: ۱۵، حالانکہ طبریؒ وغیرہ نے اسے عبدالرحمٰن بن زید کا قول کہا ہے، تفسیر طبری، سورہ سبا: ۱۵

۵۴۔ سبا: ۱۶ "سَیلَ العَرِمِ" کے بارے میں زجاج کی طرف منسوب قول، زجاج: معانی القرآن و اعرابہ۴: ۲۴۸

۵۵۔ فاطر: ۱۰ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا﴾ کے بارے میں زجاج کا قول جو درحقیقت امام نحاس کی کتاب سے نقل کیا گیا۔ نحاس: اعراب القرآن ۳: ۳۶۴، زجاج: معانی القرآن و اعرابہ ۴:۲۶۴

۵۶۔ فاطر: ۳۷ میں ارشاد باری تعالیٰ: ﴿أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ﴾

۵۷۔ سبا: ۱۵ ﴿لقد كان لِسَبإٍ﴾ حدیث ابی کریب ]

۵۸۔ سبا: ۴۰، ﴿وَمَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهُ﴾، حدیث عبدالحمید الهلالی

۵۹۔ فاطر: ۳۷، ﴿أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ﴾ حدیث عطاء ... [illegible]

۶۰۔ سبا: ۲۳، ﴿حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ﴾، حدیث ابی ہریرہؓ]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۶۴۔ فاطر: ۱۰ ﴿من کان یرید العزۃ فللہ العزۃ جمیعا﴾

۶۵۔ فاطر: ۹، ﴿ کَذٰلِکَ النُّشُور﴾، حدیث ابی رزین العقیلی

۶۶۔ فاطر: ۲۸، ﴿اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا﴾، حدیث ابی الدرداءؓ

۶۷۔ سبا: ۵۱، ﴿وَلَو تَرٰی اِذْفَزِعُوا فَلاَ فَوتَ﴾، حدیث حذیفہؓ

۶۸۔ سبا: ۳۹، ﴿ وَمَا اَنفَقتُمْ مِنْ شَیءٍ فَھُوَیُخلِفُہٗ﴾

۶۹۔ سبا: ۵۱، القرطبی و منہجہ ص ۴۱۰۔۴۱۷

۷۰۔ التذکرۃ: ص ۶۱۰-۶۱۱

۷۱۔ تفسیر طبری ۱۰: ۳۸۷ و مابعد

۷۲۔ البقرۃ: ۳

۷۳۔ تفصیل کے لیے ''القرطبي ومنهجه في التفسير'' ص ۳۱۹-۳۵۷ دیکھی جاسکتی ہے۔

۷۴۔ البقرۃ: ۱۹، رعد اور برق کی سائنسی تحقیق، فاطر:۱۲، موتیوں کی تکوین۔

۷۵۔ سبا: ۱۵، ''سبا کی تحقیق''

۷۶۔ سبا: ۱۷ میں امام نحاس کی طرف منسوب لفظ ''عرم'' کی تحقیق، نحاس: اعراب القرآن ۳:۳۳۸

۷۷۔ فاطر: ۱۰، ارشاد باری تعالیٰ: ﴿مَنْ کَانَ یُرِیدُ الْعِزَّۃَ فَلِلّٰہِ الْعِزَّۃُ جَمِیعًا﴾ کے بارے میں امام فراء اور امام نحاس دونوں کے اقوال کی الگ الگ تحقیق، الفراء: معانی القرآن ۲ / ۳۶۷، نحاس: اعراب القرآن ۳:۳۹۴

-----------

© rasailojaraid.com